ایک ہی بات' ایک ہی واقعہ' ایک ہی خبر کو
ہر ایک اپنی نظر سے دیکھتا ہے'
آپ مومن کی نظر سے دیکھیے

آپ کے رویے' آپ کے اعمال' آپ کی زندگی
اس سے تشکیل پاتی ہے کہ آپ
پیش آنے والے واقعات اور علم میں آنے والی باتوں کو
کس نظر سے دیکھتے ہیں؟
مومن کی نظر سے یا غیر مومن کی نظر سے!

مومن کی نظر سے دیکھیے تو:
یہ دنیا آخرت کے لیے ہے
پس آخرت کو کبھی نہ بھولیے!
اللہ کی رضا کے حصول کو
اپنی روزمرہ زندگی کا ہر وقت کا مسئلہ بنالیجیے
اپنے تمام معاملات کو' ملنے جلنے کو' لین دین کو' کام کاج کو' ووٹ دینے کو
اسی نظر سے دیکھیے (صرف نمازوں کو نہیں)
یہ نظر پیدا کرنے کے لیے
قرآن پاک اور سیرت پاکؐ کا مطالعہ ذرا ڈوب کر کیجیے۔

(خیر خواہ)